ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

ملفوظات

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشران
بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم
فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... -/[illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم وعرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم وادب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

جوان سے لیتے ہیں یہ روٹی کپڑے کے عوض۔

عرض: اوجھڑی کھانا کیسا ہے۔

ارشاد: مکروہ ہے۔

ارشاد: تفریحاً جھولا جھولنا کیسا ہے۔

ارشاد: شارعِ عام پر نہ ہو، مکان میں ہو کچھ حرج نہیں۔ یہ تو بدن کی ریاضت ہے بعض امراض میں اطباء مفید بتاتے ہیں۔

عرض: حضور عورتوں کو بھی جائز ہے۔

ارشاد: کوئی نامحرم نہ ہو اور گھر کے اندر ہوں اور گانا نہ گائیں تو ان کے واسطے بھی جائز ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں مجھے اپنے نکاح کی کوئی خبر نہ تھی میں اپنے مکان میں جھولا[2] جھول رہی تھی۔ کہ میری ماں مجھ کو اٹھا کر لے گئیں۔

عرض: کفار کے جنازے کے ساتھ جانا کیسا ہے۔

ارشاد: اگر اس[3] اس اعتقاد سے جائے گا کہ اس کا جنازہ شرکت کے لائق ہے تو کافر ہو جائے گا۔ اور اگر یہ نہیں تو حرام ہے۔ حدیث میں فرمایا اگر کافر کا جنازہ آتا ہو تو ہٹ کر چلنا چاہئے کہ شیطان آگے آگے آگ کا شعلہ ہاتھ میں لئے اچھلتا کودتا خوش ہوتا ہوا چلتا ہے کہ میری محنت ایک آدمی پر وصول ہوئی۔

عرض: ہندوؤں کے رام لیلا وغیرہ دیکھنے جانا کیسا ہے۔[4]

ارشاد: یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ط اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ۔ مسلمان ہوئے ہو تو پورے مسلمان ہو جاؤ۔ شیطان کی پیروی نہ کرو وہ تمہارا ظاہر دشمن ہے۔ حضرت عبداللہ ابن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے استدعا کی کہ اگر اجازت ہو تو نماز

ف ۱ جھولا جھولنے کا حکم۔

ف ۲ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جھولا جھولنا۔

ف ۳ کافر کے جنازے کے ساتھ جانے کا حکم۔

ف ۴ کفار کے میلوں میں شرکت کا حکم۔